(1)

CUL

# Certificate in Urdu Language

## ASSIGNMENT

**(For July,2020 and January,2021 Sessions)**

## Assignments Course of

OUL-001, AND OUL-002

**School of Humanities**
Indira Gandhi National Open University
Maidan garhi, New Delhi-110068

Scanned with CamScanner

# اسائن مینٹ

## اردو سرٹی فکیٹ پروگرام (CUL)

عزیز طلبہ!

امید ہے کہ آپ نے اپنا کورس دل لگا کر پڑھا ہوگا اور اس میں دی گئی تمام باتوں کی جانکاری حاصل کرلی ہوگی۔
بھیجی گئی کتابوں کو بہتر طور پر سمجھنے اور اس کے بعد امتحان کی تیاری کرنے کی غرض سے آپ کے لیے ہر کورس کا ایک اسائن مینٹ تیار کیا گیا ہے۔
یہ ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ (TMA) ہے جو سو نمبروں کا ہے جس کی جانچ آپ کے ٹیوٹر کریں گے۔ اسائن مینٹ کو بلاکوں کے مطابق اس طرح بانٹا گیا ہے۔

| اسائن مینٹ | بلاکوں کی تقسیم |
|---|---|
| ۱ | ۱، ۲، ۳ |
| ۲ | ۴، ۵، ۶ |

### مقصد

اس (TMA) کا مقصد یہ ہے کہ فراہم کرائے گئے مواد کو سمجھنے کی آپ کی صلاحیت کا اندازہ لگایا جاسکے کہ آپ نے اردو پڑھنے، لکھنے اور اس کا صحیح تلفظ ادا کرنے میں کتنی مہارت حاصل کی ہے۔ اور آپ ترسیلی نثر اور اردو ادب کی تفہیم میں کہاں تک کامیاب ہوئے ہیں۔

### مشورہ

اس Assignment میں تمام باتوں کو سمجھنے کی استعداد سے متعلق مختلف یونٹوں پر مشتمل کچھ سوالات دیے گئے ہیں جن کے جواب آپ کو دینا ہے۔
یونٹوں میں دی گئی تمام باتوں کے بجائے آپ نے قدم بہ قدم جو سیکھا ہے، Assignment میں انہیں بیان کریں۔ سوالوں کو غور سے پڑھیں۔ انھیں یونٹوں کے مطابق لے کر آگے بڑھیں اور منطقی طور پر اپنے جواب دیں۔ خیال رہے کہ مضمون کی شکل میں دیے گئے جوابات مقررہ وقت میں پورے ہونے چاہیے۔

### ہدایت

اپنا Assignment لکھنے سے پہلے حسب ذیل ہدایتوں کو غور سے پڑھئے۔

۱۔ پروگرام گائڈ میں Assignment سے متعلق دی گئی ہدایات کا بغور مطالعہ کریں۔

۲۔ اپنا نام، رول نمبر، پورا پتہ اور تاریخ کاپی کے پہلے حصے کے بائیں طرف لکھیں۔

۳۔ کاپی کے وسط میں کورس کا نام Assignment نمبر اور اس اسٹڈی سینٹر کا نام لکھیں، جس سے آپ وابستہ ہو۔

۴۔ آپ کو ہر کورس کا Assignment جمع کرنا ہے۔ اسائن مینٹ جمع نہیں کیا تو فائنل امتحان کی تیاری کرنا فضول ہے کیونکہ آپ کو امتحان میں بیٹھنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

Scanned with CamScanner

آپ کواپنے اسائن مینٹ کی کاپی کا پہلا صفحہ کچھ اس طرح پُر کرنا چاہئے:

کورس کا عنوان------------------ رول نمبر--------------------------

Assignment نمبر------------------- نام --------------------------

اسٹڈی سینٹر کا نام -----------------------------------------------

۵۔اپنے Assignment کے لئے فل اسکیپ سائز کا کاغذ استعمال کریں۔صفحات پوری طرح ایک دوسرے سے منسلک ہونے چاہئے۔

۶۔جواب سے پہلے متعلقہ سوال لکھنا ضروری ہے۔

۷۔ Assignment اپنی تحریر میں ہی ہونا چاہئے۔

۸۔ Assignment اپنے اُس اسٹڈی سینٹر میں جمع کرائیں جس سے آپ جڑے ہوئے ہوں۔

طلبا کو چاہئے کے Assignment اپنے اسٹڈی سینٹر کے کوآرڈینیٹر کو ۳۱ مارچ ۲۰۲۱ تک جمع کرائیں۔اگر جولائی میں ایڈمیشن لیا ہے تو ۳۰ ستمبر ۲۰۲۰ تک جمع کرائیں۔

Scanned with CamScanner

## ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

| | |
|---|---|
| Course Code | OUL-001 |
| Course Tittle | اردو رسم الخط اور تلفظ |
| Assignment Code | OUL-001/TMA/2020-2021 |
| Coverage | All Blocks |
| Marks | 100 |

ہدایت: سبھی سوالوں کے جواب لازمی ہیں۔ نمبرات سامنے درج ہیں

سوال نمبر ا۔ 10

☆ آواز 'ح' کن کن اردو حروف سے ظاہر کی جاتی ہے؟

☆ آواز 'ت' کن کن حروف سے ظاہر کی جاتی ہے؟

☆ پانچ سے پندرہ تک اردو گنتی لکھیے؟

☆ 'س' اور 'ع' گروپ کے حروف لکھیے؟

☆ 'ژ' اور 'ڑ' کے مخارج اور طریقۂ ادائیگی کے فرق کو سمجھتے ہوئے تین تین مثال لکھیے؟

☆ 'ض' اور 'ذ' آوازیں کن کن مصمتوں / حروف صحیح (Consonants) سے خلط ملط ہوتی ہیں؟

☆ اردو رسم خط میں شامل دیوناگری اور فارسی رسم خط کے دو حروف لکھیے؟

☆ اردو رسم خط میں شامل 'ق' 'ع' 'ف' 'م' کس رسم خط سے لیے گئے ہیں

☆ ہندی کا رسم خط کیا ہے؟

☆ انگریزی کا رسم خط بتائیے؟

سوال نمبر ۲۔ نیچے دیے گئے حروف کو جوڑ کر الفاظ بنائیے؟ 10

☆ ق+ل+م=

☆ ج+ا+ن=

☆ پ+ا+ک=

☆ چ+ا+د+ر=

☆ د+ل+چ+س+پ=

☆ ک+ت+ا+ب=

☆ ص+ب+ر=

☆ ج+ن+م=

☆ ن+گ+ی+ن+ہ=

☆ ح+ی+ث+ی+ت=

سوال نمبر ۳۔ درج ذیل الفاظ کو دیوناگری میں لکھیے؟ 10

محنت، جلدی، آواز، افسوس، اندرا گاندھی،

آسمان، گاڑی، چہرہ، شامل، بارش،

Scanned with CamScanner

گرمی، بازار، خوبصورت، سردی، کپڑا

فرصت، آزادی، تقریر، تحریر، بھاشا

سوال نمبر۴۔درج ذیل الفاظ کے حروف الگ الگ لکھیے؟ 10

عبادت، تعلیم، لکھاوٹ، پڑھنا، پینسل

جنگل، مثال، تفصیل، انسان، جانور،

شاگرد، تکمیل، مہربانی، عید، استاد

مہربانی، بچپن، کشتی، سمندر، برسات

سوال نمبر۵۔درج ذیل جملوں میں مخصوص نشانات کا استعمال کیجیے؟ 10

آج جمعہ ہے، میرا سوٹ نیا ہے، ابا کے آنے پر بیٹے احتراماً کھڑے ہو گئے

آپ کا اسمِ گرامی، سورج پورب سے نکلتا ہے، ہماری زندگی محدود ہے،

بچے اسکول جارہے ہیں، اس کا جوتا پھٹ گیا، اچانک بارش ہوگئی، اس کا کام اسان ہے

سوال نمبر۶۔درج ذیل الفاظ میں سے کنہیں پانچ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے؟ 10

بادل، تارے، زمین، کالج، سڑک، گھر، وطن، مٹی، خوشی، سورج

سوال نمبر۷۔درج ذیل عبارت کو دیوناگری میں لکھیے؟ 10

علم حاصل کرنے کی تمنا ہے، علم کا کوئی بدل نہیں، بڑوں کا احترام کرنا چاہیے،

صبح جلدی اٹھنا صحت کے لیے مفید ہے، کرونا ایک مہلک مرض ہے،

صفائی اور احتیاط بہت ضروری ہے، بچوں سے ہمیشہ پیار سے بات کرنی چاہیے۔

مجھے دیر ہورہی ہے، کرکٹ میرا پسندیدہ کھیل ہے، علم بانٹنے سے بڑھتا ہے۔

سوال نمبر۸۔کسی ضروری کام کے لیے اپنے کالج کے پرنسپل کو ایک درخواست لکھیے؟ 10

سوال نمبر۹۔درج ذیل الفاظ کو اردو میں لکھیے؟ 10

1.जमींदार, 2. खिलौना, 3. सुबह, 4. क़ाबिल, 5. ख़तरनाक 6. शानदार, 7. सेहतमंद, 8. पौधा, 9. सब्जी, 10. ख़ानदान 11. गुलदस्ता, 12. सफ़र, 13. ज़्यादा, 14. सफ़ाई, 15. जल्दी16. ख़याल, 17. कामयाबी, 18. खोटा, 19. कमीज़, 20. ख़ामोशी

سوال نمبر۱۰۔درج ذیل عبارت کو اردو میں لکھیے؟ 10

सूरज गुरूब हो चुका है | ग़ालिब का मिसरा पढ़ कर फिर सुनाओ | इल्म हासिल करो और हासिल करने दो | ऐसी तालीम हासिल करने से क्या फ़ायदा जिस पर अमल ना हो | इल्म बहुत बड़ी नेमत है | ज़ुल्म के ख़िलाफ़ आवाज़ उठाओ | इंसान को तूफानों का मुक़ाबला करना चाहिए | पापा बाज़ार जाते तो आम लाते| अख़तर तुमको अक्सर ख़ौफज़दा मिलेगा | कमला को ज़रा दरवाज़े पर जाकर आवाज़ दो |

Scanned with CamScanner

## ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

| | |
|---|---|
| Course Code | OUL-002 |
| Course Tittle | ترسیل اور تفہیم وادراک |
| Assignment Code | OUL-002/TMA/2020-2021 |
| Coverage | All Blocks |
| Marks | 100 |

ہدایت: سبھی سوالوں کے جواب لازمی ہیں۔نمبرات مساوی ہیں

| | |
|---|---|
| سوال نمبر۱۔ کسی تقریب کے لیے ایک متاثر کن دعوت نامہ تیار کیجیے؟ | 10 |
| سوال نمبر۲۔ کسی خاص وجہ کا ذکر کرتے ہوئے اپنے پرنسپل کو چھٹی کے لیے ایک درخواست لکھیے؟ | 10 |
| سوال نمبر۳۔ کسی اخبار کے لیے ایک مراسلہ لکھیے؟ | 10 |
| سوال نمبر۴۔ مضمون نگاری کے فن پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیے؟ | 10 |
| سوال نمبر۵۔ عبدالحق کی خاکہ نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے؟ | 10 |
| سوال نمبر۶۔ مرزا غالب کے انداز میں اپنے کسی دوست کو خط لکھیے؟ | 10 |
| سوال نمبر۷۔ ''آدمی نامہ'' کے حوالے سے نظیر اکبرآبادی کی نظم نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے؟ | 10 |
| سوال نمبر۸۔ پنڈت برج نارائن چکبست کی نظم نگاری پر ایک مکمل مضمون لکھیے؟ | 10 |
| سوال نمبر۹۔ میر تقی میر کی غزل گوئی کی خصوصیات، مثالوں کے ساتھ بیان کیجیے؟ | 10 |
| سوال نمبر۱۰۔ کنھیا لال کپور کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے؟ | 10 |

---

Scanned with CamScanner